This question paper contains 3 printed pages]

Roll No. | | | | | | | | | | | |

S. No. of Question Paper : **2912**

Unique Paper Code : **2141102** **F-1**

Name of the Paper : **Study of Urdu Non Fiction**

Name of the Course : **B.A. (Hons.) Urdu (DC-1.2)**

Semester : **I**

Duration : **3 Hours** Maximum Marks : **75**

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

نوٹ : صرف پانچ سوالوں کے جواب دیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے :

(الف)

کبھی کبھی ایسا بھی ہو جاتا تھا کہ دونو کا آمنا سامنا ہو کر سخت لڑائی آپڑتی تھی۔ اس وقت دروغ دیوازاد اپنی دھوم دھام بڑھانے کے لئے سر پر بادل کا دھواں دھار پگڑ لپیٹ لیتا تھا۔ لاف و گزاف کو حکم دیتا کہ شیخی اور نمود کے ساتھ آگے جا کر غل مچانا شروع کر دو۔ ساتھ ہی دغا کو اشارہ کر دیتا تھا کہ گھات لگا کر بیٹھ جاؤ۔ دائیں ہاتھ میں طرّاری کی تلوار، بائیں ہاتھ میں بے حیائی کی ڈھال ہوتی تھی۔ غلط نما تیروں کا ترکش آویزاں ہوتا تھا۔ ہوا و ہوس دائیں بائیں

۲

P.T.O.

دوڑتے پھرتے تھے۔ دل کی ہٹ دھرمی، بات کی پچ، پیچھے سے زور لگاتے تھے۔ غرض کبھی مقابلہ کرتا تھا تو ان زوروں کے بھُروسے پر کرتا تھا اور باوجود اس کے کہ ہمیشہ یہی چاہتا تھا کہ دور دور سے لڑائی ہو۔ میدان میں آتے ہی تیروں کی بوچھاڑ کر دیتا تھا، مگر وہ بھی باد ہوائی، اٹکل پچّوں، بے ٹھکانے ہوتے تھے۔

(ب)

ابھی کچھ زیادہ عرصہ نہیں بیتا، جب میں نے تم سے کہا تھا کہ دوقوموں کا نظریہ حیاتِ معنوی کے لئے مرض الموت کا درجہ رکھتا ہے، اس کو چھوڑ دو۔ یہ ستون جن پر تم نے بھروسہ کیا ہے، نہایت تیزی سے ٹوٹ رہے ہیں۔لیکن تم نے سُنی ان سُنی برابر کر دی، اور یہ نہ سوچا کہ وقت اور اس کی تیز رفتار تمہارے لئے اپنا راستہ تبدیل نہیں کر سکتے۔ وقت کی رفتار تھمی نہیں۔تم دیکھ رہے ہو کہ جن سہاروں پر تمہیں، بھروسہ تھا، وہ تمہیں لاوارث سمجھ کر، تقدیر کے حوالے کر گئے۔ وہ تقدیر جو تمہارے دماغی لُغت کی منشا سے مختلف مفہوم رکھتی ہے، یعنی ان کے نزدیک فقدانِ ہمّت کا نام تقدیر ہے۔

انگریز کی بساط تمہاری خواہش کے بر خلاف الٹ دی گئی اور رہنمائی کے وہ بُت جو تم نے وضع کئے تھے وہ بھی دغا دے گئے، حالانکہ تم نے یہی سمجھا تھا کہ یہ بساط ہمیشہ کے لئے بچھائی گئی ہے، اور ان ہی بتوں کی پوجا میں تمہاری زندگی ہے۔

۲۔ مولانا محمد حسین آزاد کی نثر نگاری کی خصوصیات تحریر کیجئے۔

۳۔ ''زبان گویا'' کے حوالے سے حالی کی مضمون نگاری کا جائزہ لیجئے۔

۴۔ ''اردو لٹریچر کے عناصر خمسہ'' کا خلاصہ لکھئے۔

۵۔ چارپائی کے حوالے سے رشید احمد صدیقی کی انشائیہ نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

۶۔ شاہد دہلوی کا خاکہ میر ناصر دہلوی کا خلاصہ لکھئے۔

۷۔ ''سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ'' میں کیا کہا گیا ہے؟ تفصیل سے لکھئے۔

۸۔ اردو میں سفر نامے کی روایت پر روشنی ڈالئے۔